(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

شعبے/پیشے پر اظہار رائے

سرکاری اسکولوں کے اساتذہ اوراس کے حوالے سے عوامی رائے پر 4 پریس ریلیز سیریز کا چوتھا (آخری) حصہ

## ایک چوتھائی پاکستانیوں کا خیال ہے کہ ٹیچنگ کرنا یعنی پڑھانا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں آسان ہے، جبکہ ٹیچنگ کو مشکل سمجھنے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 16 اگست، 2024

گیلپ& گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ایک چوتھائی پاکستانیوں کا خیال ہے کہ ٹیچنگ کرنا یعنی پڑھانا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں آسان ہے۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ مرد حضرات کی نسبت خواتین کی 15% زیادہ شرح ٹیچنگ کو ایک مشکل ملازمت سمجھتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ، ٹیچنگ کو آسان ملازمت سمجھنے والے افراد کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں 4% زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے سرکاری اسکولوں کے اساتذہ سے متعلق عوام کی رائے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پہلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں، دوسری رپورٹ کیلئے یہاں اور تیسری رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائی مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں ٹیچنگ کرنا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں کتنا آسان ہے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں 12% جوابدہندگان کے مطابق ٹیچنگ کرنا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں بہت زیادہ آسان ہے، 13% جوابدہندگان کے مطابق کسی حد تک آسان ہے، 13% جوابدہندگان کے مطابق نہ آسان اور نہ ہی مشکل ہے، 22% جوابدہندگان کے مطابق کسی حد تک مشکل ہے، جبکہ 36% جوابدہندگان کے مطابق ٹیچنگ کرنا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں بہت زیادہ مشکل ہے، تاہم 4% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی بھی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں ٹیچنگ کرنا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں کتنا آسان ہے ؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>جنس کے اعتبار سے:</u>** سروے میں شامل پاکستانی مرد حضرات (51%) کی نسبت پاکستانی خواتین (66%) کی زائد شرح کا یہ خیال ہے کہ ٹیچنگ کرنا یعنی پڑھانا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں مشکل ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>دیہی-شہری علاقوں کے اعتبار سے:</u>** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (24%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (28%) کی زائد شرح کا یہ خیال ہے کہ ٹیچنگ کرنا یعنی پڑھانا دیگر ملازمتوں کے مقابلے میں آسان ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 769 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 16th August, 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: [www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com)*

Daily Gilani Poll 2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)